49033-کیا احرام کی چادریں زیب تن کی استطاعت نہ رکھنے والے شخص کے لیے لباس میں احرام باندھنا جائز ہے ؟

سوال

ایک شخص عمرہ کرنا چاہتا ہے، لیکن وہ احرام کی چادریں نہیں باندھ سکتا کیونکہ وہ معذور اور فالج زدہ ہے، توکیا اپنے لباس میں ہی احرام باندھ کر عمرہ کرسکتا ہے، اور کیا اس پر کفارہ ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

"جی ہاں اگر
کوئی شخص احرام کی چادریں زیب تن کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تو وہ اسی لباس میں
احرام باندھ سکتا ہے جو اسے مناسب ہو، اہل علم کے ہاں اس کے لیے یہ جائز ہے، اور اسے
ایک بکری ذبح کرکے فقراء میں تقسیم کرنا ہوگی، یا پھر وہ چھ مسکینوں کو کھانا دے
گا ہر مسکین کو نصف صاع یا پھر تین روزے رکھے.

اہل علم نے سر منڈانے پر قیاس کرتے ہوئے
اسی طرح کہا ہے، سر منڈانے کا ذکر اس آیت میں ہے :

فرمان باری تعالی ہے :

.{اور تم اپنے سر اس وقت تک نہ منڈاو
جب تک قربانی قربان گاہ تک نہ پہنچ جائے، اور جو کوئی تم میں سے مریض ہو یا اس کے
سر میں تکلیف ہو تو وہ روزے یا صدقہ یا قربانی کا فدیہ دے}.البقرۃ(196).

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
بیان کیا ہے کہ روزے تین ہیں، اور صدقہ چھ مسکینوں کو کھانا دینا ہے، جو کہ ہر
مسکین کو نصف صاع ہے، اور قربانی ایک بکری ذبح کرنا ہے، احتیاط اسی میں ہے کہ
قربانی اور کھانا مکہ میں دیا جائے، کیونکہ ممنوعہ لباس کا استعمال حلال ہونے تک
چلے گا.